# NYC CARE میں صحت کی دیکھ بھال کے حصول میں اپنے ملازمین کی مدد کریں

نیویارک سٹی میں ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ نیویار کے ہر ایک باشندے کا حق ہے کہ وہ بنیادی، بچاؤ کی اور خصوصی نوعیت کی صحت کی دیکھ بھال حاصل کرے، **چاہے اس کی امیگریشن کی کیفیت کوئی بھی ہو اور وہ ادائیگی کرسکتا ہو یا نہیں**۔ ایک آجر کے طور پر اپنے ملازمین کو صحت مند اور محفوظ رکھنے کے سلسلے میں آپ شراکتداری بہت اہم ہے۔

شہر کے صحتِ عامہ کے نظام NYC Health + Hospitals میں جامع اور معیاری صحت کی دیکھ بھال کی فراہمی کو ہمیشہ بنیادی اہمیت رہی ہے۔ دریں اثنا COVID-19 نے نیویارک کے تمام باشندوں کو متاثر کیا ہے، اس کا اثر ان لوگوں پر زیادہ شدت سے ہوا ہے جن کو صحت کی جامع دیکھ بھال تک رسائی حاصل نہیں ہے۔
NYC Health + Hospitals کی جانب سے صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کاپروگرام NYC Care اس خلا کو پُر کرنے کا عمل جاری رکھے گا۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اس وبا کے چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے نیویارک سٹی میں موجود تمام کمیونٹیز کو صحت مند رکھا جائے۔ **آپ کے ایسے ملازمین جن کے پاس بیمہ نہیں ہے، ان کی مناسب لاگت میں صحت کی دیکھ بھال کے حصول میں معاونت کے لیے ان سے کہیں کہ وہ آج ہی NYC Care کی رکنیت اختیار کرلیں۔**

**NYC Care** اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ نیویارک کے ایسے باشندے جو صحت کا بیمہ حاصل کرنے کے اہل نہیں ہیں یا جن کی مالی حالت اس کی اجازت نہیں دیتی تو ایسے افراد کو کم لاگت یا بغیر کسی لاگت کے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔

## آپ کو NYC CARE کی فکر کیوں کرنی چاہیئے؟

**C** آپ کو اپنے ملازمین کی صحت کے بارے میں **فکر (care)** ہے۔ وہ آپ کے کاروبار کو چلاتے ہیں، آپ کی کامیابی میں ان کا بھی حصہ ہے اور آپ چاہیں گے کہ وہ صحت مند رہیں۔

**A** بچاؤ کی دیکھ بھال مثلاً صحت کی اسکریننگ اور ویکسینز تک باقاعدہ رسائی ہونے کے باعث آپ کے ملازمین کام سے کم **غیر حاضر (absences)** رہیں گے۔

**R** اگر آپ کے ملازمین کویہ علم ہوگا کہ آپ کو ان کی اور ان کے پیاروں کی صحت کی فکر ہے تو آپ ان کو طویل مدتک اپنے پاس **رکھ پائیں گے (retain)**۔

**E** اگر آپ اپنے ملازمین کو صحت مند رکھیں گے تو اس سے آپ ان کی پیداواری صلاحیت اور **استعداد (efficient)** بڑھا پائیں گے۔

NYC CARE | NYC HEALTH+ HOSPITALS

## اپنے ملازمین کے ساتھ NYC Care کے بارے میں بات چیت کا آغاز کریں

آپ کی مدد کے لیے یہاں پر ہم ایک مختصر اسکرپٹ دے رہے ہیں، اس میں پروگرام کے بارے میں عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات بھی شامل ہیں۔

+ آپ کی صحت ہمارے لیے اہم ہے۔
+ اگر آپ بیمارے ہیں ، تو براہِ مہربانی گھر پر رہیں اور اپنی دیکھ بھال کریں۔
+ میں آپ کو **NYC Care** پروگرام کے بارے میں بھی معلومات دینا چاہتا/چاہتی ہوں۔ یہ ایک ایسا پروگرام ہے کہ جس میں نیویارک کے ایسے باشندے جو صحت کا بیمہ حاصل کرنے کے اہل نہیں ہیں یا جن کی مالی حالت اس کی اجازت نہیں دیتی تو ایسے افراد کو کم لاگت یا بغیر کسی لاگت کے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔
+ اس پروگرام میں رکنیت حاصل کرنے کے بعد ، آپ پائیں گے:
  - دو ہفتوں کے اندر بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے ساتھ پہلی اپائنٹمنٹ حاصل کرپائیں گے۔
  - بنیادی دیکھ بھال فراہم کرنے والی ٹیم کی مدد حاصل کریں جس میں نرسیں، ذہنی صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین، طبی معاونین، سماجی کارکن، فارماسسٹ اور غذائی ماہرین شامل ہیں۔
  - جب آپ کو ضرورت ہوگی 24/7 دستیاب NYC Care کے کال سینٹر پر رابطہ کرپائیں گے۔
  - جب آپ کو ضرورت پڑے گی تو 24/7 نسخہ پر تجویز کردہ ادویات کم لاگت پر حاصل کرپائیں گے اور ادویات ختم ہونے کی صورت میں آپ کو ایک رات میں دوبارہ ادویات مل جائیں گی۔

**سوال: میں NYC CARE کہاں استعمال کرسکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** اس وقت NYC Care اپنے ارکان کو NYC Health + Hospitals کے مقامات پر فراہم کنندوں اور خدمات کا نیٹ ورک پیش کررہا ہے۔ NYC Health + Hospitals کے مقامات کی موجوگی کے بارے میں فہرست کے لیے NYC Care کے کانٹیکٹ سینٹر کے اس نمبر پر کال کریں **(1-646-692-2273) 1-646-NYC-CARE** یا وزٹ کریں **nyccare.nyc**۔

**سوال: کیا میں NYC Care کے لیے اہل ہوں؟**

**جواب:** یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ اہل ہیں یا نہیں، آج ہی کال کریں **1-646-NYC-CARE (1-646-692-2273)**

**سوال: خدمات کے حصول کے لیے مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہوگی؟**

**جواب:** شمولیت کے لیے کوئی لاگت نہیں ہے، کوئی پریمیئم نہیں ہے اور کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے۔ آپ کی صحت کی دیکھ بھال کے حصول کی لاگت کا انحصار آپ کے خاندان کے سائز اور آپ کی آمدنی پر ہے، جس کا آغاز $0 سے ہوتا ہے۔ مزید معلومات اور فی اسکیل ٹیبل دیکھنے کے لیے براہِ مہربانی وزٹ کریں **nyccare.nyc**

**سوال: کیا NYC Care صحت کا بیمہ ہے؟**

**جواب:** NYC Care صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کا ایک پروگرام ہے جوشہر بھر میں NYC Health + Hospitals کے مقامات پر فراہم کنندوں اور خدمات کا نیٹ ورک پیش کررہا ہے۔ صحت کے بیمے کے برعکس، یہاں پر شمولیت کے لیے کوئی لاگت نہیں ہے، کوئی پریمیئم نہیں ہے اور کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے۔

**سوال: میرے پاس پہلے سے ہی صحت کا بیمہ ہے تو کیا میں اس کو چھوڑ دوں اور NYC Care میں شمولیت اختیار کرلوں؟**

**جواب:** اگر آپ کے پاس ابھی صحت کی انشورنس ہے، تو اسے مت چھوڑیں۔ ایسے افراد کہ جو اپنے آجر کے ذریعے، مارکیٹ پلیس کے ذریعے یا پھر Medicaid کے ذریعے بیمے کے اہل ہیں انہیں چاہیئے کہ وہ اسی پروگرام میں شمولیت اختیار کریں جس کے وہ اہل ہیں۔

**سوال: میں مزید معلومات اور NYC Care میں داخلہ کیسے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** کال کریں **(1-646-692-2273) 1-646-NYC-CARE** وہ آپ کی ہی زبان میں بات کرتے ہیں! لوگوں تک رسائی حاصل کرنے اور شمولیت میں معاونت کے سلسلے میں NYC Care نے کمیونٹی میں موجود تنظیموں کے ساتھ شراکتداری بھی کی ہے۔ مزید معلومات اور کمیونٹی شراکتداروں کی تازہ ترین فہرست دیکھنے کے لیےآپ **nyccare.nyc** وزٹ کرسکتے ہیں ۔

**سوال: میں بروشر کیسے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** 14 زبانوں میں مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے براہِ مہربانی **nyccare.nyc/resources** وزٹ کریں۔